سوکس	گوجرانوالہ بورڈ 2023ء	پرچہ I
وقت: 2:10 گھنٹے	کلاس نہم	کل نمبر: 60

(انشائی)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے کوئی سے تین (3) سوالات کے جوابات لکھئے۔

حصہ اوّل

2 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات دیں: (6×2=12)

(i) ریاست کیسے تشکیل پاتی ہے؟

(ii) پروفیسر پیٹرک گیڈیز کے مطابق علم شہریت کی تعریف کیجئے۔

(iii) شہریت اور اخلاقیات کا فرق دو نکات میں بیان کیجئے۔

(iv) عمرانیات کا موضوع بحث کیا ہے؟

(v) اخلاقی تربیت سے کیا مراد ہے؟

(vi) معاشی ترقی میں علم شہریت کیا کردار ادا کرتا ہے؟

(vii) ارسطو کے مطابق خاندان کی تعریف بیان کیجئے۔

(viii) اسلامی نظریے کے مطابق پہلے خاندان کی تشکیل کس نے کی؟

(ix) خاندان کا سربراہ اور منتظم کون ہوتا ہے؟

3 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات دیں: (6×2=12)

(i) اُمتِ اسلامیہ کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

(ii) اسلامی مساوات پر علامہ اقبالؒ کا شعر تحریر کیجئے۔

(iii) پاکستانی قوم کی بنیاد کیا ہے؟

(iv) ذرائع ابلاغ کی کیا اہمیت ہے؟ دو نکات میں بیان کیجئے۔

(v) وڈرو ولسن کے مطابق ریاست کی تعریف بیان کیجئے۔

(vi) اقتدارِ اعلیٰ سے کیا مراد ہے؟

(vii) عدلیہ کا کیا کام ہے؟

(viii) پہلی اسلامی ریاست کی بنیاد کس نے اور کہاں رکھی؟

(ix) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے پہلے خطبے میں کیا فرمایا تھا؟

4 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات دیں: (6×2=12)

(i) حکومت کی تعریف کیجئے۔

(ii) مقننہ کے چار فرائض تحریر کیجئے۔

(iii) عدلیہ کا اہم ترین فریضہ کیا ہے؟

(iv) اچھے نظامِ حکومت سے کیا مراد ہے؟

(v) اطرازِ حکومت سے کیا مراد ہے؟ سب سے مقبول طرزِ حکومت کون سا ہے؟

(vi) اسلامی ریاست میں شہریوں کی اقسام لکھئے۔

(vii) حب الوطنی کا ثبوت کیسے پیش کیا جاتا ہے؟

(viii) اللہ تعالیٰ کے خوف سے کیا مراد ہے؟

(ix) شہری کی تعریف کیجئے۔

حصہ دوم

5 اسلامی شہریت کی نوعیت بیان کیجئے۔ نیز شہری کے قدیم اور جدید تصور پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (8)

6 فلاحی ریاست کی خصوصیات پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔ (8)

7 ریاست کے لازمی عناصر کون سے ہیں؟ تفصیلاً بیان کیجئے۔ (8)

8 معاشرہ کا معنی و مفہوم واضح کیجئے نیز معاشرے کی اہمیت کو واضح کرنے کے لئے چھ بنیادی نکات مفصل تحریر کیجئے۔ (8)

9 علم شہریت کی تعریف کیجئے اور اس کی اہمیت تفصیلاً بیان کیجئے۔ (8)

www.ilmkidunya.com